Victorian Equal Opportunity
& Human Rights Commission

دین کا محفوظ ماحول یقینی بنانا

کسی دین کے ماننے والوں کو ان کے حقیقی یا ممکنہ جنسی رجحان یا صنفی شناخت کی وجہ سے نقصان سے بچانا

دینی کمیونٹیوں کے لیے جنسی رجحان اور صنفی شناخت کے متعلق بات کرنا پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ لیکن ہمیں تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ جب کوئیر، ٹرانس یا جینڈر ڈائیورس (مرد اور عورت سے ہٹ کر دوسری اصناف) لوگوں کو اپنی دینی کمیونٹیوں کی طرف سے سہارا نہ ملنے کا احساس ہو تو انہیں بہت زیادہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔

2022 میں وکٹوریہ میں ایک قانون عمل میں آیا – بدلنے یا دباؤ (کنورژن) کی تدبیروں کی ممانعت کا ایکٹ 2021 (Change or Suppression (Conversion) Practices Prohibition Act 2021) – جو لوگوں کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کو بدلنے یا دبانے کی کوششوں کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ کوئیر، ٹرانس یا جینڈر ڈائیورس لوگوں کو تسلیم کرنا ان کی صحت اور اچھی زندگی کے لیے نہایت ضروری ہے۔

بدلنے یا دبانے کی تدبیروں سے کیا مراد ہے؟

بدلنے یا دبانے، جسے 'کنورژن تھراپی' (جنسی اور صنفی حوالے سے انسان کو بدلنے کی تھراپی) بھی کہا جاتا ہے، سے مراد ایسی تدبیریں اور سرگرمیاں ہیں جن کا مقصد کسی شخص کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کو بدلنا یا چھپانا ہو۔ ان تدبیروں میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- تعلیمات
- روحانی نگہداشت کی سرگرمیاں
- کاؤنسلنگ (سمجھانا بجھانا)
- دیگر نفسیاتی یا طبی عمل۔

ان تدبیروں کی بنیاد اس غلط اور نقصان دہ دعوے پر ہے کہ کوئیر، ٹرانس اور جینڈر ڈائیورس لوگوں میں کوئی مسئلہ یا خرابی ہوتی ہے۔

شواہد موجود ہیں کہ یہ تدبیریں گہرے نقصان، مسلسل صدمے اور صحت کے طویل المدت مسائل کا سبب بنتی ہیں اور خودکشی کا خطرہ بڑھا سکتی ہیں۔

کونسی تدبیریں قانون کے خلاف ہیں؟

فروری 2022 سے بدلنے یا دبانے کی تدبیریں وکٹوریہ میں ممنوع ہیں۔ قانون بدلنے یا دبانے کی تدبیروں کی تعریف اس طرح کرتا ہے:

ایک شخص کے ساتھ کی جانے والی تدبیر یا طرز عمل

جو اس کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کی بنیاد پر ہو

جس کا مقصد اس کے جنسی رجحان یا صنفی شناخت کو بدلنا یا دبانا ہو، چاہے اس شخص نے اجازت دی ہو یا نہ دی ہو

Victorian Equal Opportunity
& Human Rights Commission

بدلنے یا دبانے کی جو تدبیریں ضرر یا سنگین ضرر پہنچاتی ہیں، وہ قانون کے تحت فوجداری جرم ہو سکتی ہیں۔ اس میں یہ شامل ہے:

- ایسی تدبیریں جو جسمانی ضرر یا ذہنی صحت کو نقصان پہنچاتی ہیں چاہے یہ عارضی یا مستقل ہو
- وہ تدبیریں جو سنگین ضرر پہنچاتی ہیں – ایسا ضرر جو زندگی کو خطرے میں ڈالتا ہو یا بہت زیادہ اور لمبے عرصے سے جاری ہو
- ضرر پہنچانے والی تدبیر کے لیے کسی کو وکٹوریہ سے باہر لے جانا
- بدلنے یا دبانے کی تدبیر کو مشتہر کرنا۔

چاہے ایک شخص اپنا جنسی رجحان یا صنفی شناخت بدلنے یا دبانے کے لیے مدد مانگے، یہ تدبیریں استعمال کرنا یا یہ تدبیریں استعمال کرنے والے کسی اور شخص کے متعلق بتانا قانون کے خلاف ہے۔

طبی اور نفسیاتی کارکن

صحت کے کارکن وہ طبی اور نفسیاتی علاج فراہم کرتے رہنے کے پابند ہیں جو پیشہ ور معیاروں کے مطابق ہیں۔ اس میں ایک شخص کو ضروری مدد کے لیے طبی یا نفسیاتی علاج کے لیے ریفر کرنا (کسی اور معالج کے پاس بھیجنا) شامل ہو سکتا ہے۔ جو صحت کے کارکن اس پر عمل کرنے سے قاصر رہیں، ممکن ہے وہ قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہوں۔

اس قانون کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ سب لوگ اپنے دین سے وابستگی برقرار رکھ سکیں بشرطیکہ وہ بدلنے یا دبانے کی تدبیریں استعمال نہ کرتے ہوں۔

Victorian Equal Opportunity and Human Rights Commission
(وکٹوریہ کا برابر مواقع اور انسانی حقوق کا کمیشن) کیا ہے؟

یہ کمیشن:

- بدلنے یا دبانے کی تدبیروں کی اطلاعات وصول کر سکتا ہے اور حل تلاش کر سکتا ہے جس میں معاملہ کسی دوسرے ادارے کے پاس بھیجنا شامل ہے
- بدلنے یا دبانے کی ان تدبیروں کی چھان بین کر سکتا ہے جو سنگین، بہت عام یا مستقل معلوم ہوتی ہوں
- دینی تنظیموں، معالجوں اور دینی عقائد رکھنے والوں کو باقاعدہ آگہی فراہم کر سکتا ہے۔

بدلنے یا دبانے کی تدبیروں کی رپورٹ کیسے کی جائے

اگر آپ کے ساتھ بدلنے یا دبانے کی تدبیریں استعمال کی گئی ہیں یا آپ نے کسی کے ساتھ یہ ہوتے دیکھا ہے تو آپ (یا آپ کا نامزد نمائندہ) اس بارے میں وکٹوریہ کے برابر مواقع اور انسانی حقوق کے کمیشن کو رپورٹ کر سکتے ہیں۔

فون 1300 292 153
انٹرپریٹر (زبانی مترجم) 1300 152 494
ای میل enquiries@veohrc.vic.gov.au
آن لائن humanrights.vic.gov.au/get-help/

مدد اور سہارا

Rainbow Door خصوصی LGBTIQ معلومات، مدد اور ریفرل سروسز (دوسرے اداروں سے رابطے) مہیا کرتا ہے۔

فون 1800 729 367
SMS 0480 017 246
ای میل support@rainbowdoor.org.au

دوسرے معلوماتی وسائل

بدلنے یا دبانے (کنورژن) کی تدبیروں کی ممانعت کے ایکٹ کا تعارف
humanrights.vic.gov.au/change-or-suppression-practices/about-the-csp-act/

آسٹریلین GLBTIQ ملٹی کلچرل کاؤنسل – مختلف تہذیبوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے LGBTIQ افراد اور کمیونٹی گروپس کی حمایتی انجمن
agmc.org.au